اپولوجیٹکس: ایمان کا دفاع

لیکچر 04

"اپولوجیٹکس (Apologetics) "کا مطلب ہے دفاع یا زبانی دفاع۔

یہ لفظ نئے عہد نامہ میں کئی مقامات پر آیا ہے:

اعمال 1:16؛ 11:25

1 کرنتھیوں 9:3

2 کرنتھیوں 7:11

فلپیوں 1:7، 17

2 تھسلنیکیوں 1:4

1 پطرس 3:15

اپولوجیٹکس کوئی ایسا مضمون نہیں ہے جس کی بائبل میں بنیاد نہ ہو۔ اس کی جڑیں پاک کلام میں مضبوطی سے موجود ہیں، اور ہم اس کورس کو بائبل کی روشنی میں سیکھیں گے۔ خداوند یسوع مسیح کے بعد، اُس کے رسول اپنے ایمان کے حافظ بنے۔ استفنس کی شہادت اُس کے ایمان کے دفاع سے براہِ راست جڑی ہوئی تھی۔ وہ اس لئے شہید ہوا کیونکہ وہ نے عقیدے پر مضبوطی سے قائم رہا۔ پولس، جو گملی ایل (Gamaliel) کا شاگرد تھا اور یہودی ایمان کا بڑا محافظ تھا، اُس نے استفنس کی مضبوط گواہی کا سامنا کیا۔ جب وہ استفنس کے الفاظ کا جواب نہ دے سکا، تو اُس نے استفنس کی شہادت دیکھی— یہی واقعہ اُس پیغام کو مزید مضبوط کرنے کا ذریعہ بنا جس کا دفاع استفنس نے بڑی محبت اور جوش سے کیا تھا۔

اپولوجیٹکس: صرف بحث نہیں

کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ اپولوجیٹکس صرف بحث یا مناظرہ ہوتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں بحث کو بہت پسند کیا جاتا ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کیوں؟ کیونکہ اس میں جیت اور ہار کا جذبہ ہوتا ہے، جو ہمارے دنیاوی جذبات کو خوش کرتا ہے۔ بدقسمتی سے، مناظرہ ہمارے علاقے میں ایک مذہبی ہتھیار بن چکا ہے جسے بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

مناظروں کے منفی اثرات:

1. یہ اکثر لمبی بحثوں کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔
2. یہ ریاکاری یا دکھاوے کی شکل اختیار کر گیا ہے۔
3. لوگوں کی جانیں نجات نہیں پا رہیں۔
4. یہ وقت کا ضیاع ہے — گھنٹوں کی بحث کے بعد بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلتا۔
5. توجہ پاک کلام سے ہٹ جاتی ہے۔
6. حصہ لینے والے ایک دوسرے پر ذاتی حملے کرتے ہیں۔
7. نازیبا اور غلط زبان استعمال کی جاتی ہے۔
8. لوگوں کے نام بگاڑے یا مذاق اُڑائے جاتے ہیں۔
9. دل میں منفی روح آ جاتی ہے — ہر وقت دوسروں کو ہرانے کا جذبہ بن جاتا ہے۔
10. آپ اپنے مخالفین کی زبان اور رویہ اپنا لیتے ہیں۔
11. اس کے نتیجے میں دل میں نفرت بڑھتی ہے۔

بہت سے لوگ میرے پاس آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے آپ کے دوسرے لوگوں کے ساتھ مناظرے یا بحثیں سنی ہیں۔ میں اکثر خاموش رہتا ہوں۔ کچھ لوگوں کو جواب دیتا ہوں، " میں نے بہت سے اور پیغامات بھی دیے ہیں۔ " بد قسمتی سے، اُن کو کم پسند کیا جاتا ہے۔ میں ہر اتوار کو لائیو عبادت کرواتا ہوں، لیکن صرف چند لوگ ہی اُسے دیکھتے ہیں۔ لیکن اگر میں آج لکھ دوں کہ "پاسٹر منور خورشید ذاکر نائیک کے خاص سوال کا جواب دیں گے، "تو بہت سے لوگ فوراً سننے آ جائیں گے۔ کیونکہ اس میں مقابلہ اور دنیاوی جذبہ شامل ہو جاتا ہے۔

اپولوجیٹکس: ایک وسیع تعریف

مناظرہ صرف اپولوجیٹکس کی ایک چھوٹی سی تشریح ہے۔ اس کی مکمل تعریف یہ ہے: مسیحی ایمان کا دفاع کرنے کا علم۔

یہ ہر جگہ اور ہر موقع پر مسیحی ایمان سے متعلق سوالات اور اعتراضات کا جواب دینے کو شامل کرتا ہے۔

اس مضمون کو پڑھنا کیوں ضروری ہے؟

1. یہ ہر مسیحی کی ذمہ داری ہے

جیسا کہ 1 پطرس 3:15 میں لکھا ہے، یہ اختیاری نہیں بلکہ ضروری ہے

کہ ہر مسیحی اپنے ایمان کے بارے میں پوچھے جانے پر مناسب جواب دینے کے لیے تیار ہو۔

اسی طرح، کلسیوں 4:6 میں لکھا ہے کہ:

تمہاری بات ہمیشہ فضل سے بھری ہو، نمک سے مزے دار ہو، تاکہ تم ہر ایک کو جواب دینا جان سکو۔

2. یہ ہمارے ایمان کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے

یہ مضمون ہمیں سکھاتا ہے اور ہمارے مسیحی ایمان کی بنیادوں کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔

بہت سے ایماندار عیسائیت کے بارے میں سوالات کے جواب نہیں دے پاتے کیونکہ انہیں علم نہیں ہوتا۔

ایپولوجیٹکس ہمیں اپنے ایمان کی سچائیوں کو سمجھنے میں رہنمائی دیتا ہے،

اس لیے یہ سیکھنا ضروری ہے تاکہ ہم سمجھ میں ترقی کریں۔

3. یہ دوسروں کو ہمیشہ کی ہلاکت سے بچانے میں مدد دیتا ہے

ایپولوجیٹکس کے ذریعے ہم دوسروں سے معنی خیز گفتگو کر سکتے ہیں

اور ان کے ساتھ خوشخبری بانٹ سکتے ہیں۔

اکثر ایمان سے متعلق سوالات ہمیں غصہ دلاتے ہیں،

لیکن ہمیں انہیں سنہری موقع سمجھنا چاہیے

تاکہ ہم یسوع مسیح کی خوشخبری دے سکیں،

کیونکہ نجات کسی اور میں نہیں (اعمال 4:12)۔

4. یہ غلط فہمیاں دور کرنے میں مدد دیتا ہے

بہت سے لوگ مسیحیت کی غلط تصویر رکھتے ہیں

کیونکہ اسے غلط طریقے سے پیش کیا گیا ہے۔
جب ہم اپولوجیٹکس سیکھتے اور عمل کرتے ہیں
توہم مسیحی ایمان کی سچی تصویر لوگوں کے سامنے لا سکتے ہیں
اوران کی غلط فہمیاں دور کر سکتے ہیں،
تاکہ وہ صحیح سمجھ حاصل کریں۔

.5یہ ہمیں گمراہ تعلیمات سے بچاتا ہے

اپولوجیٹکس ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ
ہم جھوٹی تعلیمات اور بدعتوں کو پہچانیں اوران کا مقابلہ کریں،
ورنہ وہ پھیلتی رہیں گی۔
اگرہم نہ سیکھیں تو دھوکہ دینے والوں کو زیادہ موقع ملے گا کہ وہ دوسروں کو بہکائیں۔
بہت سے ایماندار بہک جاتے ہیں کیونکہ وہ اپنے ایمان کا دفاع کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے——
جیسے تثلیث اور دوسرے اہم عقائد۔

.6یہ گفتگو کے دروازے کھولتا ہے

سوچ سمجھ کر اور عزت سے بات چیت کرنا
ہمیں موقع دیتا ہے کہ ہم خوشخبری دوسروں تک پہنچائیں
اور مختلف پس منظر والے لوگوں سے تعلق قائم کریں——
جو کہ خوشخبری کو پھیلانے کا ہمارا مشن پورا کرتا ہے۔